26 NAGMA Fair

فلمکو کا بہترین و نایاب ڈرامہ

بوزد پر ذوت

नग़मा

نغمہ

سٹوری و گانے

اداکاران

نادرہ ۔ اشوک کمار

ادم وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

الہ آباد پرنٹنگ پریس دہلی

خلاصہ کہانی :- پریم نگر کے راجکمار کی یہ ضد کہ وہ بغیر دیکھے شادی نہیں کریگا۔ روپ نگر کی نازک مزاج اور حسین راجکماری کو بہت ناگوار گذری۔ اور اُس نے اعلان کر دیا کہ وہ ایسے مغرور راجکمار سے ایک معمولی سے معمولی انسان کو لاکھہ درجہ بہتر سمجھتی ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اُس کے سینے میں شاعر کا دھڑکتا ہوا دل مصوّر کی حسن پر مٹنے والی آنکھیں اور راگی کی بیچین رُوح ہو۔ راجکماری کے اِس اعلان سے تمام رعایا میں غلط فہمی پیدا ہو گئی۔ اور ہر شخص اپنے کو راجکماری کا ہونیوالا شوہر سمجھنے لگا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

نغمہ کے لے

گانا

نمبر ١   راگی

او تیر چلانے والے ذرا او سامنے آکر تیر چلا
تو نے مجھے چھپکر لوٹ لیا۔ آ سامنے آکر تیر چلا
دِل توڑنے والے خوف نہ کھا صورت تو دکھا نظریں تو ملا
ہم بھی ہیں تیرے دل بھی ہے تیرا آ سامنے آکر تیر چلا
ہم اور کہیں تو اور کہیں اُلفت کا تو یہ دستور نہیں
پھر بھی تجھے دِل دیتا ہے دُعا آ سامنے آکر تیر چلا
تیر چلا۔ تیر چلا۔ تیر چلا۔ تو نے مجھے چھپکر ......
کیا جانے تم کیسا جادو کیا۔ او سان لیئے سکھ چھین لیا
چھپ چھپ کے نہ یوں دیوانہ بنا۔ آ سامنے آکر تیر چلا

نمبر ٢   راجکماری

بڑی مشکل سے دِل کو بیقراری کا قرار آیا
کہ جس ظالم نے تڑپایا۔ اُسی پر مجھکو پیار آیا

ارادے چھوٹنے والے نہ ارماں ٹوٹنے والے
مجھے تجھ پر یقیں ہے کہ میرا دل لوٹنے والے
تجھے میری محبت کا نہ اب تک اعتبار آیا
محبت راز ہے یہ راز باتوں میں نہ کھل جائے
بہت روکا بہت چاہا نہ لب پر دل کی بات آئے
مگر پھر بھی تمہارا نام لب پر بار بار آیا
اسی صورت سے باقی زندگی کے دن بھی کٹ جائیں
گھڑی بھر کیلئے اے کاش وہ گھڑیاں پلٹ آئیں
وہ گھڑیاں جو میرا دل تیری محفل میں گذار آیا

نمبر ۳ — راجکماری

کہنا ہے یہ دل جب ان سے ہل اٹھتے ہیں قدم رک جاتے ہیں
دل ہمکو کبھی سمجھاتا ہے ہم دل کو کبھی سمجھاتے ہیں
دل آگیا ان سے پریت ہوئی۔ یہ ہار ہوئی یا جیت ہوئی
وہ جان کے دھوکہ دیتے ہیں ہم جان کے دھوکہ کھاتے ہیں
سینے میں کھٹک سی باقی ہے۔ ملنے میں جھجھک سی باقی ہے
نظروں کو حیا آجاتی ہے۔ ارمان ابھی شرماتے ہیں
بہکی ہے نظر بیتاب ہے دل ہے رنگ نئے ہر رنگیں محفل
کیا پیار کی پہلی منزل میں۔ ایسے بھی زمانے آتے ہیں

نمبر ۴ — راجکماری

آؤ کہ تمہیں دل کے ارمان بلاتے ہیں
دن رات محبت کے گذرے چلے جاتے ہیں
تم دل کی دھڑکنوں کی آواز نہ سن پائے

اب ہم ہیں کہ دُنیا کو فریاد سُناتے ہیں
تنہائی نے اشکوں کی تعبیر بدل ڈالی
یا آگ بجھاتے تھے یا آگ لگاتے ہیں۔

نمبر ۵ راگی

ملتے ہی نظر اُن سے دِل آنے کو کیا کہیئے
دِل ہو گیا دیوانہ۔ دیوانے کو کیا کہیئے
کیا پیار بھری باتیں چھپتی ہیں چھپانے سے
ہر راز ہے افسانہ۔ افسانے کو کیا کہیئے
تو وہ بھی محبت میں دن رات تڑپتے ہیں
جب شمع ہے پروانہ۔ پروانے کو کیا کہیئے
اِک عمر تو دِل اپنا پہلو میں رہا اپنے
اب ہو گیا بیگانہ۔ بیگانے کو کیا کہیئے

نمبر ۶ راجکماری

اے میرے مجبور دِل۔ ہو نہ بہت بیقرار
یوں نہ تڑپ رات دن۔ یوں نہ مچل بار بار
پھر وہی دن آئینگے۔ وہ میرے ہو جائینگے
تجھکو یقین ہو تو ہو۔ مجھکو نہیں اعتبار
زندگی برباد ہو۔ لب پہ نہ فریاد ہو
ہے تو یہ مشکل مگر جیسے بھی گذرے گذار
ہم کہاں پائینگے تڑپے چلے جائینگے
درد پہ قابو نہیں۔ اُن پہ نہیں اختیار

نمبر ۷

اِس دِل کی لگی سمجھا نہ کوئی برباد محبت ہوتی ہیں
بیکار کے چرچے ہوتے ہیں بے بات کی شہرت ہوتی ہے
ایک راز ہے لاکھوں افسانے۔ کہتے ہیں سب اپنے بیگانے
بے سمجھے بُجھے سمجھاتے ہیں۔ بے سوچے نصیحت ہوتی ہے
جس دِل کی ہو قسمت غم سہنا انمول ہے وہ دِل کیا کہنے
جس آنکھ سے آنسو بہتے ہیں اُس آنکھ کی قیمت ہوتی ہے

نمبر ۸

کا ہے جادو کیا مجھ کو اتنا بتا جادو گر بالما بالما
تجھ کو اپنی خبر ہے نہ دِل کا پتہ جادو گر بالما بالما
نظر سے نہ اب تک نظر مِل سکی
دِل پہ پردے ہی پردے میں بجلی گری
ہوش اڑنے لگے تیر چلنے لگے جادو گر بالما بالما
پھر وہی دھن سُنا پھر وہی گیت گا
ایسا نغمہ تھا سُنتے ہی دِل کھنچ گیا
مجھ کو تڑپانے والے ہو تیرا بھلا جادو گر بالما بالما

نمبر ۹

آ جا میرے راجہ میرے پریتم میرے پیارے
باقی نہیں مجھ کو تو بھٹکی نگاہیں
فریاد ہم کریں جیسے رو کے کس طرح نگاہیں
میں دِل کو پکاروں میرا دِل تجھ کو پکارے۔۔ آ جا میرے
ایسے میں سہارا کوئی دیتا کے چلا دِل
ساجن میرے بڑھ کر مجھے لینا کے چلا دِل

ہر دِل ہے زمانے میں کسی دِل کے سہارے ۔۔ آجاہے۔

نمبر ۱۰

موت آئیگی موت آئی ہے ۔ ایک نہ ایک روز جان جانی ہے
تاج میں جن کے لگتے تھے گوہر
ٹھوکریں کھا رہے ہیں اُن کے سر
کم نہیں آسماں جفاؤں میں
پھر دمطر کیے ہیں دِل فضاؤں میں ۔ غم سے مجبور آج ملتے ہیں
بے زباں بند ہونٹ ہلتے ہیں
جی کو الجھنوں میں بہلانا
یا اکیلے میں جی کو سمجھانا
رو کے رکھنا بست طبیعت کو
یاد رکھنا میری وصیت کو
نام سُن کر میرا نہ رو دینا
اپنا عزت نہ یوں ڈبو دینا
دیکھو آہیں مچل نہ جائیں کہیں
مُنہ سے نالے نہ نکل جائیں کہیں
یاد کر کے مجھے بھلا دینا ۔ دِل کسی اور جا لگا لینا
دیکھ لو آج ہم کو جی بھر کے
کوئی آتا نہیں ہے پھر مر کے
دِل میں لے کر تمہاری یاد چلے
ہائے دُنیا سے نامراد چلے
ختم شد

اصلی پرانا کوک شاستر باتصویر

یہ کتاب بڑی زبردست ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کے لئے پڑھنی ضروری ہے۔ اِس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان۔ بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا۔ چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصّے سے کام جاگتا ہے۔ اِس کی تصاویر۔ اِس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگائیں ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا۔

قیمت صرف ۱۰۔۱۰۔۱ محصولڈاک ۱۰۔۱۔ الگ

فلم سنگیت بہار

اس کتاب میں پانچسو سے زیادہ فلم کمپنیوں جیسے پربھات نیوتھیٹرس۔ رنجیت پرکاش۔ کاردار وغیرہ کے بنائے ہوئے ایکٹروں کی فلموں جیسے اشوک کمار رنجیت۔ مکیش۔ سو تیاوتی۔ دیویکا رانی۔ ستانگیش کریمیا۔ کانن بالا۔ ماسٹر سہگل۔ پہاڑی سانیال۔ کیمن وغیرہ کے گائے ہوئے مشہور اور تازی فلموں کے چنے ہوئے تقریباً چھ سو گانوں کا مجموعہ اس کتاب میں ملے گا جن کو پڑھ لینے سے آدمی تڑپ جاتا ہے

قیمت صرف ۱۲۔۱ ڈاک محصول معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید قمیض پاجامہ بنڈی، کوٹ، شلوار، اوور کوٹ، لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا۔ قیمت ۱۴۔۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی